

NYC Department of Education

# بریلئنٹ این وائی سی
# Brilliant NYC

## خاندانوں کے لیے وسائل

**خزاں، 2021**

T&I 33364 (Urdu)

"بہت سے طلبا ایسے ہیں جو ہنرمند ہیں جو قابل ہیں، جو ذہین ہیں، جو خاص ہنر رکھتے ہیں اور میرا خیال ہے کہ یہ وقت ہے تمام طلبا کے لیے انکی طاقت ور تعلیمی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے لیے مواقع تخلیق کرنے کا۔"

چانسلر Meisha Porter

# برلیئنٹ این وائی سی کیا ہے؟

- اگلے سال کنڈرگارٹن سے شروع، تمام ایلیمنٹری اسکول مخلوط کلاسوں میں ایک تیزرفتار تدریسی نمونے کا اطلاق کرنا شروع کریں گے۔
  - 65,000 کنڈرگارٹن کے طلبا ایک نیا تدریسی نمونہ موصول کریں گے جو جدید تحقیق پر مبنی ہے
  - تیز رفتار پروگرامنگ والے اسکولوں کی تعداد کو توسیع دیں گے (80 اسکولوں سے تمام 800 ایلیمنٹری اسکولوں میں)
  - ہمارے 3K اور پری کنڈرگارٹن پروگراموں کی کامیابی پر تعمیر کرتا ہے
- ہم تمام 4,000 کنڈرگارٹن اساتذہ کو ذیل کی تربیت دینا شروع کریں گے:
  - اپنے کلاس رومز میں بھرپور تدریسی ماحول تخلیق کریں
  - عمر کے متناسب پروجیکٹ مواقع فراہم کریں
  - طلبا کی تقویتوں کا مشاہدہ اور نشاندہی کرنا سیکھیں

# بریلئنٹ این وائی سی کیا ہے؟

- یہ سرگرمی برادری سے تبصرات حاصل کرے گی اس بارے میں جاننے کے لیے کہ خاندان اپنے بچوں کے لیے کس قسم کے تعلیمی تجربات چاہتے ہیں، تمام کنڈرگارٹن طلبا سے شروع۔
  - جدید تحقیق حاصل کرکے اسے مقامی برادری کے لیے متحرک کرتی ہے
  - برادری، ہمارے خاندانوں اور معلمین کی مہارتوں کا احترام کرتی ہے
  - ضلع جو کام پہلے سے کررہا ہے اس پر تعمیر کرتی ہے یہ یقینی بنانے کے لیے کہ تمام طلبا اعلی معیار کی تعلیم حاصل کریں
- وہ طلبا جو فی الوقت قابل اور ہنرمند پروگراموں میں مندرج ہیں انہیں اپنے تعلیمی پروگرام میں کسی قسم کی خلل انگیزی کا سامنا نہیں ہوگا۔

Department of Education

"ہم متحد ہورہے ہیں، تمام شہر میں محلوں میں،
برادریوں سے براہِ راست اس بارے میں سننے کے لیے کہ کس
قسم کے تعلیمی مواقع طلبا کی دلچسپیوں کو ابھارتے ہیں
اور انکے ہنر کو چمکاتے ہیں۔"

چانسلر Meisha Porter

Department of Education

# آئیں ہم ملکر اسے ممکن بنائیں



شہرپیما

**پینل بات چیت**



ضلع

**برادری کے اجلاس**



مقامی

**موجودہ برادری گروپس کی افزودگی**

# ضلع برادری کے اجلاس

## یہ ایک مختلف نوعیت کی برادری شمولیت ہے۔

آج کے اجلاس کی وضع

- نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے اپنے ضلع کی ٹیم اور قائدین سے براہِ راست سنیں
- جدید ترین تحقیق کے بارے میں جانیں جو بریلئنٹ این وائی سی کو باخبر رکھتی ہے
- اپنی ضلعی برادری کے دیگر ممبران کے ساتھ ایک سہولت کردہ گفتگو میں شریک ہوں
- بریک آوٹ کمروں میں، آپ:
  - گفتگو کی رہنمائی کے لیے ایک سہولت کار ہوگا؛ سہولت کار آپکی مقامی برادری کا ایک رکن ہوگا
  - ایکدوسرے کے ساتھ خیالات اور آرا بانٹنے کے لیے باریاں لیں
  - گفتگو سے اہم نکات کو قلم بند کرنے کے لیے ایک نوٹ لینے والا شخص ہوگا

# ہمارے ڈیزائن کے لیے بلیو پرنٹ

جب ہم ملکر K-5 تعلیم کی دوبارہ توضیح کریں گے، ہم شامل کریں گے----

- بچوں کو انکی تقویتوں سے پہچاننا
- گھرپور تعلیمی تجربات
- حقیقی دنیا کے پروجیکٹ
- افزودگی کے مواقع
- انفرادی طریقِ عمل



ہم ملکر ان میں سے تین عناصر کا قریبی جائزہ لیں گے۔ ان تین عناصر کو منتخب کیا گیا ہے کیونکہ یہ ستمبر 2022 میں کنڈرگارٹن تعلیم کے لیے بنیاد کا کام دیں گے۔

# آئیے ملکر ایک قریبی نظر ڈالیں!

Department of Education

# بچوں کو انکی تقویتوں سے پہچاننا

**سائنس ہمیں بتاتی ہے کہ دماغ سیکھنے کے لیے لامحدود صلاحیت رکھتا ہے اور تمام بچوں میں سیکھنے کی ایک فطری امنگ ہوتی ہے۔**

بریلئنٹ این وائی سی اس تحقیق کو پہچانتا ہے اور کنڈرگارٹن کے اساتذہ کی مہارت کو فروغ دے گا:

- نہ صرف تعلیمی صلاحیتوں تک رسائی ہو بلکہ "سوفٹ" اسکلز جیسے ناقدانہ تفکر، تخلیق صلاحیت اور مسائل کا حل نکالنا تک رسائی ہو
- تمام شعبوں میں تقویتوں اور دلچسپیوں کے بارے میں معلومات جمع کرنا
- انکی فطری استعداد کی نشو ونما کرکے معلومات کو یہ یقینی بنانے کے لیے استعمال کرنا کہ تمام طلبا خودمختار بن جائیں
- ڈجیٹل پورٹ فولیو کو استعمال کرتے ہوئے یہ سیکھنا کہ طلبا کیا کرسکتے ہیں جب ان سے اپنی تعلیم کا مستند تناظر میں اطلاق کرنے کا کہا جائے

# بھرپور تعلیمی تجربات

**سائنس ہمیں بتاتی ہے کہ دماغ ایک عضلہ ہے جو وقت کے ساتھ مضبوط ہوتا جاتا ہے جب بچے نئی مسابقتوں کا سامنا کرتے ہیں یا نئی چیزیں آزماتے ہیں۔**

بریلئنٹ این وائی سی اس تحقیق کو پہچانتا ہے اور کنڈرگارٹن کے اساتذہ کی مہارت کو فروغ دے گا:

- نوعمر بچوں کے لیے مسابقت طلب اور کڑے مواقع تخلیق کرنا
- بچوں کو مشکل حالات سے نمٹنا سیکھانا
- بچوں کی اپنے آپ کو اس سے زیادہ کرنے میں چیلنج کرنے کی رہنمائی کرنا جو تعلیمی طور پر آسان ہےغلطیاں کرنا اور ان غلطیوں سے سیکھنا
- بچوں کو اپنی پسند، دلچسپیوں اور تقویتوں کے بارے میں جاننے کے مواقع فراہم کرنا

# حقیقی دنیا کے پروجیکٹس

**سائنس ہمیں بتاتی ہے کہ نوعمر بچے فعال تفتیش سے سیکھتے ہیں اور یہ کہ تعلیم جو موجودہ نمونے سے مربوط ہو زیادہ "پائیدار" ہوتی ہے۔**

بریلئنٹ این وائی سی اس تحقیق کو پہچانتا ہے اور کنڈرگارٹن کے اساتذہ کی مہارت کو فروغ دے گا:

- طلبا کی رہنمائی کرنا جب وہ عمر سے متناسب پروجیکٹس پر کام کریں جو انکے اردگرد کی دنیا سے مربوط ہوں
- یہ یقینی بنائیں کہ طلبا معیارات سے ہم آہنگ سائنس اور معاشرتی علوم ہر روز سیکھیں؛ یہ بعد کے گریڈز میں ایک اچھا کُتب بین ہونے کی کلید ہے۔
- طلبا کی معاونت کریں جب وہ حقیقی دنیا کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ملکر کام کریں، سماجی انصاف کے امور سے نمٹیں، اور مستند چیزیں تخلیق کریں

Department of Education

# ہمارا مقصد

ہمارا مقصد سادہ ہے۔

ہم تمام طلبا کے لیے تعلیم کو تیزرفتار بنا کر **ملکر** تعلیم کی وضاحتِ نو کرنا چاہتے ہیں۔

یہ مقامی سرگرمی ایک نیا نمونہ **ملکر ڈیزائن کرنے** اور **ملکر تشکیل** دینے میں پہلا قدم ہے جو مستقبل کے لیے K-5 تعلیم کو تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

# آئیں ہم ملکر ایسا کریں!

یہ سرگرمی ایک انسانوں پر مرتکز طریقِ کار ہوگا جو طلبا، معلمین، اور برادریوں کو ہمارے **ساتھ** تعلیم کے مستقبل کو تشکیل دینے کے لیے مدعو کرتی ہے۔



**طلبا**

طلبا کے ساتھ سنیں، سیکھیں اور تعمیر کریں۔



**برادریاں**

خاندانوں کو شراکت کرنے اور تبصرات فراہم کرنے کے لیے مدعو کریں۔



**ہر ایک کی آرا سنیں**

موجودہ گروپس کو بااختیار بنائیں یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ہر ایک کی آواز سنی جائے۔